Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · ACTS & SUPPLICATIONS IN SEVEN CHAPTERS

Merit of reciting Tasbeehat'e Arba Morning & Evening

صبح و شام تسبیحات اربعہ پڑھنے کی فضیلت

Through a valid chain of authority, Ibn Baabwayh reports Imam Sadiq (a) to have quoted the Holy Prophet (s) as saying: In Paradise, there are chambers whose inside can be seen from their outside and whose outside can be seen from their inside. These chambers are dwelled by some of my people who speak good wording, serve food (generously), exchange greetings, and pray at night when the others are asleep. To speak good wording means to repeat the following doxology 10 times every morning and evening.

ابن بابویہؒ نے معتبر سند کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ حضرت رسول اللہؐ نے فرمایا: بہشت میں چند مکان ایسے ہیں کہ جن کا بیرونی حصہ اندر سے اور اندرونی حصہ باہر سے نمایاں ہے، ان میں جا کر میری امت کے وہ لوگ رہیں گے جو اچھی باتیں کہتے ہیں، لوگوں کو کھانا کھلاتے ہیں، جس سے بھی ملتے ہیں اسے سلام کرتے ہیں اور رات کو جب سبھی لوگ سو رہے ہوتے ہیں تو وہ اٹھ کر نماز پڑھتے ہیں، پھر فرمایا کہ اچھی باتیں یہ ہیں کہ صبح و شام ۱۰-۱۰ مرتبہ تسبیحات اربعہ پڑھے۔

In the book of Mahasin, Barqi has reported through an authentic chain of authority that Imam Baqir (a) related the following: One day, the Holy Prophet (s) passed by a man who was sowing a plant in his orchard. The Holy Prophet (s) stopped and said to him, "May I lead you to a thing that is firmer in sowing, quicker in yielding, and sweeter in fruit?" Yes," the man answered, "You may, Allah's Messenger." The Holy Prophet (s) instructed: "In every morning and evening, you may recite Tasbeehaat'e Arba. If you do, for each statement you will be given trees in Paradise from various kinds of fruits. These statements are the ever-abiding, good deeds about which Almighty Allah has said in His Book that they are best and more enduring than the wealth of this world."...

محاسن برقیؒ میں صحیح سند کے ساتھ حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ رسول اللہؐ ایک شخص کے پاس سے گزرے کہ جو باغ لگا رہا تھا، آپ وہاں کھڑے ہوگئے اور اس سے فرمایا: آیا میں تمہیں ایسے باغ کے بارے میں نہ بتائوں کہ جس کی جڑیں اس باغ سے زیادہ مضبوط، جس کے میوے اس سے جلدی پکنے والے زیادہ اچھے اور دیر تک رہنے والے ہوں؟ اس نے عرض کیا: یا رسول اللہؐ! ضرور فرمایئے تب آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ صبح و شام تسبیحات اربعہ پڑھا کرو تو ہر تسبیح کی تعداد کے برابر بہشت میں تمہارے لیے انواع و اقسام کے میوہ دار درخت لگائے جائیں گے، یہی بہتر تسبیحات وہ باقیات الصالحات ہیں جن کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے اور یہ مال دنیا سے زیادہ بہتر اور پائیدار ہیں۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔

SUBHAANA ALLAAHI WAL-HAMDU LILLAAHI WALAA ILAAHA ILLAA ALLAAHU WALLAAHU AKBAR.

All glory be to Allah, all praise be to Allah, there is no god save Allah, and Allah is the Greatest.

پاک ہے اللہ اور حمد اللہ ہی کے لئے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگ تر ہے۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/merit-of-reciting-tasbeehate-arba-morning-evening-4106 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.